★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | منگل 11 ربیع الثانی 1446ھ 15 اکتوبر 2024ء 29 سوج 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 364

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

ایس سی او کانفرنس: سکیورٹی انتہائی سخت، انتظامات شہر میں پلان فوج تعینات

میٹرو بس سروس آج 14 اکتوبر سے 17 اکتوبر تک بند رہے گی، اسلام آباد پولیس نے ٹریفک پلان بھی جاری کر دیا، مپلوپر سے ڈھوکری چوک، کشمیر چوک اور سرینا ہوٹل تک سڑک بند رہے گی

راولپنڈی مری روڈ بھی بند رہے گا، مپلوپر سے سرینگر ہائی وے کے ذریعے آبپارہ تک روٹ بند ہوگا، مری اور بھارہ کہو سے راولپنڈی آنے والوں کیلئے متبادل روٹس فراہم کر دیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس سی او کانفرنس کیلئے اسلام آباد میں سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کر لئے گئے۔ ایس سی او کانفرنس کے حوالے سے اسلام آباد شہر میں پاک فوج کے دستے تعینات کر دیئے گئے، میٹرو بس سروس آج 14 اکتوبر سے 17 اکتوبر تک بند رہے گی، اسلام آباد پولیس نے ٹریفک پلان بھی جاری کر دیا۔ مپلوپر سے ڈھوکری چوک، کشمیر چوک اور سرینا ہوٹل تک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

لاہور: صدر ن لیگ نواز شریف سے بھارتی صحافی کی رکھاوت ملاقات کر رہی ہیں، وزیر داخلی پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود ہیں

ایس سی او اجلاس میں معاشی امور، تجارت اور کنیکٹیویٹی پروفیس رہیگا، ترجمان دفتر خارجہ

اس وقت بھارت اور پاکستان کی کوئی باہمی میٹنگ پلان نہیں ہے ممتاز زہرا بلوچ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ گفتگو کی تعاون تنظیم (ایس سی او) اجلاس میں معاشی امور، تجارت اور کنیکٹیویٹی پروفیس رہیگا۔ ایک انٹرویو میں ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ کانفرنس میں ایس سی او کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

حمزہ شہباز سے وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کی ملاقات

باہمی دلچسپی کی سیاسی امور کے امور تبادلہ خیال، حمزہ شہباز نے چودھری شجاعت کی خیریت دریافت کی

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب و نائب صدر مسلم لیگ (ن) حمزہ شہباز شریف سے پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سینئر رہنما وفاقی وزیر چودھری سالک حسین نے ماڈل ٹاؤن میں ملاقات کی۔ جس میں باہمی دلچسپی اور ملکی سیاست کے امور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

ایس سی او میں شریک ممالک کے وفود کے سربراہوں کے نام سامنے آگئے

چینی وزیر اعظم لی چیانگ، بھارتی وزیر خارجہ سبرامنیم جے شنکر، ایرانی اڈل نائب صدر رضا عارف وفدی کی سربراہی کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خارجہ نے شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس میں شرکت کرنے والے چند ممالک کے وفود کے سربراہوں کے نام جاری کر دیے۔ چینی وزیر اعظم لی چیانگ اپنے وفد کی قیادت کریں گے جبکہ بھارتی وزیر خارجہ سبرامنیم جے شنکر بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔ ایرانی اڈل نائب صدر محمد رضا عارف ایرانی وفد کی سربراہی کریں گے جبکہ بیلاروس کے وزیر اعظم رومان گولوف چیکو اپنے ملک کے وفد کی سربراہی کریں گے۔ قازقستان کی وزیر اعظم اولژاس بیک تیخوف اور کرغزستان کے چیئرمین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کا ورچوئل افتتاح ..... پاکستان کی ترقی کے لیے چین اپنا کردار ادا کرتا رہے گا، چینی وزیر اعظم لی چیانگ

ایس سی او سمٹ: چینی وزیر اعظم پاکستان پہنچ گئے

ریڈ کارپٹ استقبال

وزیر اعظم شہباز شریف نے نور خان ایئر بیس پر چینی وزیر اعظم کا استقبال کیا، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ بھی اس موقع پر موجود تھے،

چینی وزیر اعظم کو 21 توپوں کی سلامی دی گئی، ثقافتی لباس میں ملبوس بچوں نے چین کے وزیر اعظم کو پھول پیش کیے۔ اس موقع پر پاکستان اور چین کے وزرائے اعظم کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کانفرنس میں شرکت کیلئے چین کے وزیر اعظم لی چیانگ 11 سال بعد 4 روزہ دورے پر پاکستان پہنچ گئے۔ پاکستان شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کی میزبانی کیلئے تیار ہے، اس حوالے سے غیر ملکی وفود کی آمد کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے نور خان ایئر بیس پر چینی وزیر اعظم کا استقبال کیا، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ بھی اس موقع پر موجود تھے، معزز مہمان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔ چینی وزیر اعظم کو 21 توپوں کی سلامی دی گئی، ثقافتی لباس میں ملبوس بچوں نے چین کے وزیر اعظم کو پھول پیش کیے۔ اس موقع پر پاکستان اور چین کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات ہوں گے، معیشت، تجارت، سی پیک سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر بھی گفتگو ہوگی۔ چینی وزیر اعظم صدر پاکستان آصف علی زرداری، پارلیمانی رہنماؤں اور عسکری قیادت سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔ پاکستان آمد کے بعد چینی وزیر اعظم لی چیانگ نے اپنے پیغام میں کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم سربراہان حکومت کے 23 ویں میٹنگ میں شرکت کرنے اور وزیر اعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کرنے پر بہت خوشی ہے۔ چینی وزیر اعظم نے کہا کہ جب سے جہاز سے اترا، مجھے گرم جوشی سے خوش آمدید کہا گیا، پاکستانی عوام کی گہری برادرانہ دوستی اور مہمان نوازی نے متاثر کیا، پاکستان ایک اہم ترقی پذیر ملک، ابھرتی ہوئی منڈی اور بڑا مسلم ملک ہے جب کہ پاکستان چین کا ہر موسم کا بھیجے ہے۔ لی چیانگ کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کو چینی عوام بہت پسند کرتے ہیں اور سراہتے ہیں، 73 سال میں دونوں ممالک نے مستقل اعتماد قائم رکھا اور ایک دوسرے کی حمایت کی، چین پاکستان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

بھارت نے ایس سی او کانفرنس میں شرکت کا صحیح فیصلہ کیا، اعزاز چوہدری

ہمیں پرامن بقائے باہمی کے تحت دونوں ممالک کے تعلقات کو نارمالائز کرنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) سابق سیکرٹری خارجہ اعزاز چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت نے ایس سی او کانفرنس میں شرکت کا صحیح فیصلہ کیا۔ ایک بیان میں اعزاز چوہدری نے کہا کہ ہمیں پرامن بقائے باہمی کے تحت دونوں ممالک کے تعلقات کو نارمالائز کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے تمام ہمسایوں کے ساتھ تعلقات خراب ہو گئے ہیں، وہ ہمارے مہمان ہیں، ہم ان کی عزت کریں گے۔ اعزاز چوہدری نے کہا کہ بھارت کو بھی مہمان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس، مہمانوں کی آمد سے قبل اسلام آباد دلہن کی مانند سج گیا

سرکاری عمارات کے ساتھ ساتھ نجی کاروباری مراکز کو بھی سجایا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے حوالے سے تیاریاں مکمل کر لی گئیں، مہمانوں کی آمد سے قبل اسلام آباد کو دلہن کی مانند سجا دیا گیا۔ شہر کی اہم شاہراہوں، چوک چوراہوں پر سبزی مائل رنگوں کی خوبصورت منظر کشی کی گئی ہے۔ سرکاری عمارات کے ساتھ ساتھ کاروباری مراکز کو بھی سجایا گیا ہے۔ ڈینی کشمری جانب سے اسلام آباد کو سجانے کی ویڈیو ہماری کی گئی ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے حوالے سے تیاریاں مکمل کر لی گئیں۔

تنخواہ کا مجموعہ نہیں نکالا، شرجیل انعام میمن کا طلبہ وزیر تنخواہ کے سوال پر جواب

کسی کاروبار میں سرمایہ کاری ہوئی ہے اور میں ایک کروڑ سے زیادہ کا ٹیکس ادا کرتا ہوں! انٹرویو

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی) کے رہنما شرجیل انعام میمن نے ایکسٹو وزیر ملنے والی تنخواہ اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

راولپنڈی، وزیر اعظم شہباز شریف چینی وزیر اعظم کا استقبال کر رہے ہیں

پاکستان میں سربراہان مملکت کی آمد خوش آئند امر ہے نواز مریم

شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس سے باہمی تعاون کے نئے راستے کھلیں گے، ایس سی او سمٹ کا انعقاد پوری قوم کے لئے باعث اعزاز ہے

باہمی تعاون سے غربت کے خاتمے اور معاشی ترقی کے اہداف پورے کئے جائیں گے، ایس سی او کانفرنس پاکستان کے لئے گیم چینجر ثابت ہوگی

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم کانفرنس کے مشرکا کی آمد کا خیر مقدم کیا ہے۔ مریم نواز نے شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن سربراہان کی 23 ویں اجلاس کوشش کر رہی ہے۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے خواجہ آصف اور احسن اقبال کے بیان پر اپنے ردعمل کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

اسلام آباد آرمی چیف جنرل عاصم منیر چینی وزیر اعظم کا استقبال کر رہے ہیں

حکومت کا احتجاج کی کال واپس لینے کیلئے شرط ماننے سے صاف انکار

ملاقات تو بہانہ ہے، شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس نشانہ ہے، طلال چوہدری کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے ڈی چوک اسلام آباد پر 15 اکتوبر کا احتجاج موخر کرنے کے لیے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی پارٹی رہنماؤں کی ملاقات کرانے کی شرط رکھ دی۔ ترجمان پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

ایس سی او اجلاس پر حکومت سیاسی دکان چمکا رہی ہے، بیرسٹر سیف

احتجاجی کال پر پکیٹی وزراء کی تنقید پھر شروع ہو گئیں، پُر امن احتجاج ہمارا جمہوری اور آئینی حق ہے، بیان

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے خواجہ آصف اور احسن اقبال کے اجلاس پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس پر حکومت سیاسی دکان چمکانے کی ناکام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

شنگھائی اجلاس، راولپنڈی کا ٹریفک پلان سامنے آگیا

5 مقامات کو رال چوک، گلزار قائد، ایئر پورٹ روڈ، چوہان چوک اور فوجی عادر چوک بند

راولپنڈی (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے لیے راولپنڈی میں کیے گئے ٹریفک انتظامات کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ ٹریفک پولیس نے اندرون شہر کے 5 مقامات کو بند کر دیا گیا ہے، ان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

پاکستانیوں کا ڈیٹا 2.1 ارب ڈالرز میں ڈارک ویب پر فروخت کا انکشاف

وفاقی حکومت قانون سازی میں مکمل ناکام رہی ہے، ابھی تک کوئی فیصل سائبر پالیسی نہیں، سندھ ہائیکورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ میں سازمے 11 کروڑ پاکستانیوں کا حساس ڈیٹا ڈارک ویب پر فروخت کے کیس کی سماعت کے دوران سرکاری وکیل نے جواب جمع کرانے کے لیے مہلت مانگ لی۔ وزارت آئی ٹی اینڈ ٹیلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

نجی کالج واقعہ: پولیس کو رپورٹ نہیں کیا گیا، عظمیٰ بخاری

مظلوم بچیوں پر سیاست چمکانے کی بجائے کسی کے پاس مصدقہ اطلاعات ہیں تو پنجاب حکومت کے ساتھ شیئر کرے

بہت افسوس کی بات ہے، ان معصوم بچیوں کے خلاف ظلم پر چپ کا لینا اور خبریں بنانا بند کیا جائے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ نجی کالج واقعہ کے حوالے سے ابھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

کراچی، سینٹر روبینہ خالد جبیر برن اکم سپورٹ پروگرام سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

18 آئی پی پیز کو ادائیگی روک دی گئیں، معاہدوں کی تبدیلی پر کام شروع

یہ 18 آئی پی پیز 1994 اور 2002 کی پاور جنریشن پالیسیوں کے تحت قائم ہوئی تھیں

کراچی (این این آئی) حکومت سے کہا گیا ہے کہ 4,267 میگاواٹ پیدا کرنے والے 18 انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کو ادائیگیاں روک دی جائیں، جن کے ساتھ معاہدے کی تبدیلی پر بات چیت جاری ہے۔ واضح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

تمام سیاسی جماعتیں جرگے میں گئیں تو مسئلہ حل ہوا، گورنر کے پی

صوبے کے لیے سیاسی جماعتوں نے احتجاج کا مظاہرہ کیا اور سرویوں سے پہلے پرت پھٹنی چاہیے میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے کے لیے اپیکیز نے جرگہ بلایا اور تمام سیاسی جماعتیں جرگے میں گئیں تو مسئلہ حل ہوا، گورنر کے پی کے پی نے کہا کہ ہم امن کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

حکومت پی ٹی آئی رہنماؤں کی انکے قائد سے ملاقات کروائے: خواجہ سعد رفیق

پی ٹی آئی کو احتجاج کی کال غیر مشروط طور پر واپس لینی چاہیے، بات چیت

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ حکومت کو پی ٹی آئی رہنماؤں اور ان کے قائد کی ملاقات کروانی چاہیے۔ خواجہ سعد رفیق نے مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کو احتجاج کا مذاکرہ ختم کر دینا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

ایس سی او اجلاس اسلام آباد ایئر پورٹ کے قریب تمام ہوٹلز، کاروباری مراکز بند

نور خان ایئر بیس اور اسلام آباد ایئر پورٹ کے قریب تمام کاروباری مراکز بند کر دیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) اجلاس کے حوالے سے وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کے پیش نظر نور خان ایئر بیس اور اسلام آباد ایئر پورٹ کے قریب تمام کاروباری مراکز بند کر دیے گئے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

پشاور ہائیکورٹ، راجہ بشارت، عالیہ حمزہ اور صنم جاوید رہا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنماؤں راجہ بشارت، عالیہ حمزہ اور صنم جاوید کی رہائی خانت منظور کر لی۔ پی ٹی آئی رہنما اور رکن اسمبلی راجہ بشارت کی رہائی خانت کی درخواست پر سماعت ہوئی جو کہ جسٹس فہیم ولی کے روبرو ہوئی۔ وکیل درخواست گزار اعلم خان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پشاور ہائیکورٹ، راجہ بشارت، عالیہ حمزہ اور صنم جاوید رہا

پُر امن مظاہرین پر تشدد انتہائی ناگوار اور شرمندگی کا باعث ہے، بختاور بھٹو زرداری

کراچی (این این آئی) عالمی و عالمی واقعات پر گہری نظر رکھنے والی شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی بڑی صاحبزادی بختاور بھٹو زرداری نے کراچی میں مظاہرین پر تشدد کی مذمت کی ہے۔ بختاور بھٹو زرداری نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر کراچی میں مظاہرین پر پولیس کے تشدد کی ایک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

نجی کالج میں طالبہ سے مبینہ زیادتی کا واقعہ معمہ بن گیا

طالبہ سے مبینہ زیادتی کی خبر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، تاحال واقعہ کی تصدیق نہیں ہوسکی، فیصل کامران

مشتعل طلبہ نے کالج پرنسپل کی حوالگی کا مطالبہ کیا، پولیس نے پرنسپل کو بحفاظت نکالا، طلبہ کے پتھراؤ سے پولیس اہلکار زخمی ہوئے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کے نجی کالج میں طالبہ سے مبینہ زیادتی کا واقعہ معمہ بن گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے میڈیا سے گفتگو کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نجی کالج میں طالبہ سے مبینہ زیادتی کی خبر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، پولیس نے پرنسپل کو بحفاظت نکالا، طلبہ کے پتھراؤ سے پولیس اہلکار زخمی ہوئے

پی ٹی آئی کا احتجاج جان بوجھ کر احتجاج کیلئے اہم دن منتخب کرتی ہے، ملک محمد احمد خان

جلاؤ گھیراؤ اور امن عامہ کے مسائل پیدا کرنا کوئی حل نہیں، مزاحمت کی بھی کوئی حد ہوتی ہے، قانون ہاتھ میں نہیں لیا جا سکتا

کیا اپوزیشن کا احتجاج کا حق فوجی تنصیبات پر حملہ کرنا ہے، کیا جلاؤ گھیراؤ کرنا ان کا آئینی حق ہے، پریس کانفرنس

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پنجاب آسٹلی ملک محمد احمد خان کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی جان بوجھ کر احتجاج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

لاہور، پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے وفاقی وزیر چودھری سالک حسین ملاقات کر رہے ہیں

میری جان خان سے زیادہ قیمتی نہیں، 15 اکتوبر کو احتجاج کی قیادت کروں گا، حماد اظہر

اگر مجھے اس مرد قلندر کیلئے، پاکستان کیلئے اور اللہ کی زمین کیلئے اپنی جان کا نذرانہ دینا پڑا تو میں دوں گا، ٹویٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما حماد اظہر کا کہنا ہے کہ میری جان عمران خان سے زیادہ قیمتی نہیں 15 اکتوبر کو احتجاج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

مولانا فضل الرحمن کا پیش کردہ آئینی پیکج کا مسودہ پی ٹی آئی کو موصول

پی ٹی آئی احتجاج: ارکان اسمبلی کی اسپیکر کی اجازت کے بغیر گرفتاری پر تحقیقات شروع

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کی جانب سے پیش کردہ آئینی پیکج کا مسودہ پی ٹی آئی کو موصول ہو گیا۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے بتایا کہ مولانا فضل الرحمن کی جانب سے پیش کردہ آئینی ترمیم کا مسودہ پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم کو پیکج دیا گیا ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ یہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کے دوران ارکان اسمبلی کو اسپیکر صوبائی اسمبلی کی اجازت کے بغیر گرفتاریوں پر تحقیقات شروع کر دی گئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

عارف علوی کا گلینک سیل، سندھ حکومت اور ایس بی سی اے سے جواب طلب

عدالت نے آئندہ سماعت پر سندھ حکومت اور ایس بی سی اے کے وکیل سے جواب طلب کر لیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے سابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کے کلینک کو سیل کرنے سے متعلق درخواست کی سماعت کرتے ہوئے سندھ حکومت اور ایس بی سی اے سے جواب طلب کر لیا۔ دوران سماعت سینئر وکیل انور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

اسلام آباد ایکسپریس کو مسافروں نے وزیر آباد اسٹیشن پر روکا دیا

ٹرین کے ایک پہیے میں خرابی کے باوجود ڈرائیور ٹرین کو چلا رہا تھا واقعے کی تحقیقات کا فیصلہ

وزیر آباد (این این آئی) اسلام آباد ایکسپریس میں سوار مسافروں نے ٹرین کو وزیر آباد ریلوے اسٹیشن پر روکا دیا۔ مسافروں نے شکایت کی کہ ٹرین کے ایک پہیے میں خرابی کے باوجود ڈرائیور ٹرین کو چلا رہا تھا۔ وزیر آباد پہنچنے پر مسافروں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

27 فلسطینی میڈیکل کے طلبہ پاکستان پہنچ گئے، پرتپاک استقبال

مختلف پروازوں کے ذریعے 165 طلبہ فلسطین سے پاکستان آ گئے میڈیکل اور ڈینٹل کی تعلیم جاری رکھیں گے

لاہور (این این آئی) 27 فلسطینی میڈیکل کے طلبہ کا پہلا گروپ پاکستان پہنچ گیا۔ فلسطینی میڈیکل کے طلبہ تعلیم کے حصول کیلئے پاکستان پہنچے۔ فلسطینی طلبہ کو لیکر فلائٹ جی ایف 764 لاہور ایئر پورٹ پہنچی، 27 فلسطینی طلبہ قاہرہ سے براستہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

اماراتی گروپ کا کراچی اور لاہور ائرپورٹس پی ٹی آئی آؤٹ سورسنگ میں اظہار دلچسپی

اے ڈی پورٹس گروپ کے ایمیرٹی چیئرمین محمد جمعہ الحسنی نے باضابطہ طور پر وزارت ہوابازی سے رابطہ کر لیا

کراچی (این این آئی) یو اے ای کے اے ڈی پورٹس گروپ نے کراچی اور لاہور کے ائرپورٹس کی آؤٹ سورسنگ میں دلچسپی کا اظہار کر دیا۔ یکطرفی پیشکش کی گئی ہے۔ اے ڈی پورٹس گروپ کے ایمیرٹی چیئرمین محمد جمعہ الحسنی نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

بنوں میں فائرنگ سے پولیس اہلکار ہیڈ کانسٹیبل شائستہ خان شہید

بنوں (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں نارگ نکلنگ کا واقعہ پیش آیا جس میں پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ پولیس کے مطابق بنوں کے علاقے منڈی بکاخیل کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے پولیس اہلکار پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ فائرنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

آئینی ترمیم مکمل مسترد کرتے ہیں حافظ نعیم

سندھ میں کرپشن کا نظام چل رہا ہے جسے سسٹم کہا جاتا ہے، اس پر کوئی ہاتھ نہیں ڈال سکتا

اصولی طور پر جب چیف جسٹس اپنی مدت مکمل کر لیں تو وہ چلے جائیں، امیر جماعت اسلامی پریس کانفرنس

لاہور، سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری اوقاف کو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، عامر علی چشتی اور وسیم عباس بھی موجود ہیں

پی ٹی اے کا ایک اور فضائی میزبان کینیڈا میں لاپتا

لاپتا فضائی میزبان کیخلاف تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں، ترجمان پی ٹی اے

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن (پی آئی اے) کا ایک اور فضائی میزبان کینیڈا میں لاپتا ہو گیا۔ پی آئی اے کا فضائی میزبان حسن رضا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

پشتون جرگے کو پرویز خٹک کا اسمبلی کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ

جو مطالبات صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں نہیں ہیں ان کو متعلقہ وفاقی نظام کے سامنے اٹھاؤں گا، گفتگو

پشاور (این این آئی) وزیر داخلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے پشتون جرگے پر اسمبلی کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کر لیا۔ وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

عمران خان پاکستان اور قانون کے لئے لڑ رہے ہیں، فیصل امین خان

چیلنج سے کہتا ہوں کورنس میں خیبر پختونخوا تمام صوبوں سے آگے ہے، بیان جاری

پشاور (این این آئی) ممبر قومی اسمبلی اور وزیر داخلی خیبر پختونخوا کے بھائی فیصل امین خان نے کہا ہے کہ عمران خان پاکستان اور قانون کے لیے لڑ رہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

لاہور ہرنس پورہ سے 9 سالہ بچے کے اغواء سے متعلق کال موصول ہوئی

ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی کی کاوش اغواء شدہ بچہ 1 گھنٹے میں ڈھونڈ نکالا

لاہور (خبرنگار) ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی نے کوشش کرتے ہوئے اغواء شدہ بچہ 1 گھنٹے میں ڈھونڈ نکالا۔تفصیلات کے مطابق لاہور ہرنس پورہ سے 9 سالہ بچے کے اغواء سے متعلق کال موصول ہوئی۔ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی نے پولیس کو ہدایت دی کہ وہ بچے کو ڈھونڈنے میں مدد دیں۔پولیس نے ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی سے ایسٹ ایڈ فاؤنڈ کیس ڈیٹا حاصل کیا۔ڈیٹا چیک کرنے پر معلوم ہوا کہ باغبان پورہ سے اسی بچے کے ملتے کی کال بھی موصول ہوئی۔ترجمان سٹیٹ سیٹیز کا کہنا تھا کہ ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی نے ہرنس پورہ پولیس کو بچہ باغبانپورہ سے لانے کی ہدایت کی۔سیف سٹی ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی کی کاوشوں سے ایک گھنٹے میں بچہ ڈھونڈ کر ورثاء کے حوالے کر دیا۔بچے کی بحفاظت واپسی پر والدین کی خوشی قابل دیدنی تھی۔ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی کا بھرپور شکریہ ادا کیا۔ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی کا بھرپور شکریہ ادا کیا۔سیف سٹی ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی کا ایسٹ ایڈ فاؤنڈ کیس ڈیٹا حاصل کیا۔ڈیٹا چیک کرنے پر معلوم ہوا کہ باغبان پورہ سے اسی بچے کے ملنے کی کال بھی موصول ہوئی۔ترجمان سٹیٹ سیٹیز کا کہنا تھا کہ ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی نے پولیس کو ہدایت دی کہ وہ بچے کو ڈھونڈ کر لائے۔گرمد باغبانپورہ سے لانے کی ہدایت کی۔سیف سٹی ورچوئل سٹرفار چائلڈ سیٹی کا بھرپور شکریہ ادا کیا۔

چیف جسٹس ہائی کورٹ طالبات کی حراگمی، خودکشیوں اور ریپ پر سوموٹو ایکشن لیتے ہوئے حکومت سے رپورٹ طلب کریں: ڈاکٹر مزمل ہاشمی

لاہور (خبرنگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے رحمان ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں طالبات کو حراساں کرنے، ریپ اور خودکشی جیسے سنگین معاملے پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت طرحان کیخلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے کیفر کردار تک پہنچائے۔ دو دن میں لاہور کے تین مختلف اداروں میں طالبات کے مسائل کا سامنے آنا تعلیمی اداروں اور حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔مرکزی مسلم لیگ وزیر داخلی پنجاب سے مطالبہ کرتی ہے کہ سیاسی وابستگی اور بااثر عناصر کو بیش پشت ڈال کر ملزمان کو کٹہرے میں لائے۔ گرمد باقی کورٹ میں طرحان اور ذمہ داران بیکخلاف چیئنش دائر کریں گے۔ڈاکٹر مزمل ہاشمی کا مزید اظہار خیال کرتے ہوئے کہنا تھا کہ چیف جسٹس ہائی کورٹ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ لاہور میں تین مختلف تعلیمی اداروں میں طالبات کے حوالے سے سنگین کیس پر سوموٹو ایکشن لیتے ہوئے وفاقی اور صوبائی وزیر تعلیم سے رپورٹ طلب کی جائے۔تعلیمی اداروں میں خواتین کی حراگمی اور ریپ کے معاملے میں پوری دنیا میں پاکستان کی جگ ہنسائی ہو رہی ہے۔

سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر، یکسو 1122 کے 20 سال مکمل ہونے پر کیک کاٹ رہے ہیں

ہائیکورٹ نے شہریوں کو ہاؤسنگ سکیموں کے فراڈ سے بچانے سے متعلق کیے گئے اقدامات کی رپورٹ طلب کرلی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے شہریوں کو ہاؤسنگ سکیموں کے فراڈ سے بچانے سے متعلق کیے گئے اقدامات کی رپورٹ طلب کرلی جبکہ عدالت نے ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے سیکرٹری مسٹر افسران کے خلاف کی گئی کارروائی بارے رپورٹ بھی طلب کرنے کا حکم دیتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ چاہتے ہیں جو لٹے ہیں ان کی دادرسی ہو اور آئندہ کوئی نہ لٹے۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس علی ضیاء باجوہ پر مشتمل دو رکنی بنچ نے ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے فراڈ سکیمڈ کی متاثرین کی دادرسی نہ ہونے کے متعلق کیس کی سماعت کی۔ ۔دوران سماعت ڈی جی نیب لاہور احمد مجید الوکلا سیکرٹری بلدیات میاں شکیل، سی ای او وڈا عمران امین، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق، سیکرٹری ہاؤسنگ کمپٹیل (ر) اسداللہ، ڈی جی پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی سلیف اور چیف سیٹ دیگر افسران ایڈیکٹ جنرل پنجاب کے عدالت کے روبرو پیش ہوئے ۔فاضل بنچ نے گزشتہ سماعت پر سیکرٹری ہاؤسنگ کے پیش نہ ہونے پر انظہار ناراضگی کیا اور حکم دیا کہ گزشتہ سماعت پر پیش نہ ہونے والے افسران ایک تحریری جواب جمع کروائیں۔دوران سماعت ڈی جی نیب نے عدالت کو بتایا کہ ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے متاثرین کی داد رسی کے لیے دو ہزار گیارہ میں اقدامات کئے۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اور نگری حیدر خان آٹ سورس ہونے والے گورنمنٹ پرائمری سکول ابراہیم آباد کا دورہ کر کے تدریسی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

صوبہ بھر میں شاہرات پر قوانین کی پاسداری اور شہریوں کی خدمت وتحفظ کیلئے پنجاب ہائی وے پٹرول سرگرم

رواں ماہ شاہرات پر ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 12 لاکھ 84 ہزار 736 افراد کی چیکنگ کی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبہ بھر میں شاہرات پر قوانین کی پاسداری اور شہریوں کی خدمت وتحفظ کے لیے پنجاب ہائی وے پٹرول سرگرم، ماہ اکتوبر کے پہلے دو ہفتوں کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی۔رپورٹ کے مطابق رواں ماہ شاہرات پر ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 12 لاکھ 84 ہزار 736 افراد کی چیکنگ کی گئی، دوران چیکنگ 265 اشتہاری مجرمان اور صادق مشہود ان کو گرفتار کیا۔پنجاب پولیس کے ترجمان کے مطابق 5 لاکھ 60 ہزار 388 گاڑیوں کو چیک کیا گیا، جن میں سے 94 چوری شدہ گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں۔ ایکسل لوڈ مینجمنٹ کے تحت 9537 اوور لوڈ گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی جبکہ گیس سلنڈر کے غیر قانونی استعمال پر 565 گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی گئی۔خیبر پی کے سیاحت کے چیئن نفر 6649 ڈائریکٹ لائسنس جاری کیے گئے اور 16 گمشدہ بچوں کو ان کے والدین سے ملوایا گیا۔پنجاب پولیس نے 89 عارضی ومستقل تجاوزات کو ختم کر کے ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنایا۔علاوہ ازیں 4326 سلنڈروں کو مختلف نوعیت کی مدد و رہنمائی فراہم کی گئی جبکہ پولیس خدمت مراکز پر 6750 شہریوں کو مختلف سہولیات فراہم کی گئیں۔

ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں ہنرمند سکالرشپ پروگرام کی افتتاحی تقریب کا انعقاد، وزیر ہائیر ایجوکیشن رانا سکندر حیات کی شرکت

لاہور (خبرنگار) ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں ہنرمند سکالرشپ پروگرام کے انفارمیشن ڈیسک کا افتتاح کر دیا گیا ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر ہائیر ایجوکیشن رانا سکندر حیات نے کہا کہ چار سال کے تعلیمی اخراجات پنجاب حکومت برداشت کرے گی۔ انھوں نے طالبات سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پروگرام کے تحت 68 ڈسٹرکٹ میں سالانہ 30 ہزار طلبہ کو سکالرشپ دیا جائے گا۔ وزیر ہائیر ایجوکیشن نے بتایا کہ سکالرشپ کے تحت 50 پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے طلباء کو سکالرشپ میں دی۔ان کا کہنا تھا کہ 130 ارب روپے مالیت پر مشتمل سکالرشپ پروگرام ہے، رانا سکندر حیات طبت تبدیلی ممکن ہے۔ اجلاس میں شعبہ ایسٹ اوقاف کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے اور لاہور زون ایسٹ اور ویسٹ کی انتہائی پرفارمنس بھگانہ تعیناتی ترقیاتی پراجیکٹس اور دیگر امور پر متعلقہ افسران کی طرف سے بریفنگ پیش کی گئی، جس پر سیکرٹری اوقاف نے جملہ امور کو بہتر بنانے کے حوالے ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر عامر حسن ۔ اوقاف اراضی کو سرکل پر انجینئر تعینات کر دیا گیا ہے، جس سے عاملہ اثاثہ جات کی حفاظت کے لیے اوقاف کو کمیٹی کا اجلاس، معاشی اہداف کا حصول لازم، مصنوعات زر کے حوالے سے گزشتہ ماہ کی بہترین حکمت عملی، مانیٹرنگ، سپردشن اور گورننس کے نتائج بہتر انداز میں جاری، اوقاف کیلئے سہ ماہی کے مقررہ اہداف سے 25.6 فیصد زائد آمدن حاصل کرنے میں کامیاب، سیکرٹری اوقاف نے کہا کہ وقف اراضیات کی فیلڈ میں کارکٹ ریٹ کے مطابق اور مزید نفع بخش بناتے ہوئے محکمہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ اوقاف اراضی پر کمرشل پراجیکٹس کی تعمیر و ترقی کے حوالے س

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 15 اکتوبر 2024ء

725 رجسٹرڈ افراد میں ہمت کارڈ کی تقسیم جاری ہے: ڈپٹی کمشنر

رجسٹرڈ معذور افراد کو ہمت کارڈ کے ذریعے 10 ہزار 500 روپے سہ ماہی مالی امداد مل سکے گی، عبدالرزاق (ڈپٹی کمشنر) کا ہمت کارڈ تقسیم تقریب سے خطاب

حافظ آباد: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق وزیراعلیٰ مریم نواز کی جانب سے رجسٹرڈ معذور افراد میں ہمت کارڈ تقسیم کر رہے ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آمنہ افضل و دیگر بھی موجود ہیں۔

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے رجسٹرڈ معذور افراد میں ہمت کارڈ کی تقسیم عوام دوستی اور غریب پرور مثالی پروگرام ہے۔ اس پروگرام کے تحت ضلع بھر کے 725 رجسٹرڈ افراد میں ہمت کارڈ کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔ رجسٹرڈ معذور افراد کو ہمت کارڈ کے ذریعے 10 ہزار 500 روپے سہ ماہی مالی امداد مل سکے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام معذور افراد میں ہمت کارڈ تقسیم کرنے کی تقریب کے دوران کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آمنہ افضل، سوشل ویلفیئر آفیسر و فوکل پرسن مائدہ اشتیاق بھی اس موقع پر موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے رجسٹرڈ معذور افراد میں ہمت کارڈ تقسیم کرنے کیلئے قائم کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں ہمت کارڈ کی تقسیم کے عمل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کی جانب سے معذور افراد کی مالی امداد کا پروگرام ایک انقلابی اور فلاحی پروگرام ہے جس سے ان معذور افراد کی احسن انداز میں مالی امداد کی جا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران کو ہدایت کی کہ ہمت کارڈ کی تقسیم میرٹ اور شفاف طریقہ سے ہونی چاہیے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آمنہ افضل کا کہنا تھا کہ تمام رجسٹرڈ معذور افراد میں شفاف طریقہ سے ہمت کارڈ کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔ تمام رجسٹرڈ افراد کو ہر تین ماہ بعد 10 ہزار 500 روپے کی مالی امداد کی جائے گی اور تمام رجسٹرڈ معذور افراد اپنے ہمت کارڈ کے ذریعے کسی بھی بنک کی اے ٹی ایم سے اپنی رقم حاصل کر سکیں گے۔

چنیوٹ: وفاقی وزیر بحری امور کا ڈی ایچ کیو کا دورہ

قیصر احمد شیخ نے مریضوں کی عیادت اور ہسپتال انتظامات کا جائزہ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چنیوٹ کا دورہ، مریضوں کی عیادت اور ہسپتال انتظامات کا جائزہ لیا تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر برائے بحری امور قیصر احمد شیخ نے آج ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال چنیوٹ کا دورہ کیا، جہاں ان کا استقبال اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ، سی ای او ہیلتھ چنیوٹ اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد احمد خان نے کیا۔ دورے کے دوران قیصر احمد شیخ نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور انہیں پھل پیش کیے۔ وفاقی وزیر نے ہسپتال انتظامیہ کو یقین دہانی کرائی کہ ہسپتال کے انتظامات کو بہتر بنانے کے لیے کسی بھی قسم کے تعاون کی ضرورت ہو تو وہ ان سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مریضوں کی صحت کے متعلق دریافت کیا اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ قیصر احمد شیخ نے ہسپتال کے انتظامی امور کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔

اوورسیز پاکستانیوں کی جدوجہد خراج تحسین پیش کرتا ہوں، خرم منور منج

تمام احباب کا مشکور ہوں جنہوں نے میرا شاندار استقبال کیا اور عشائیہ کا اہتمام کر کے مجھے عزت بخشی، رکن قومی اسمبلی کا خطاب

تیخ پورہ (بیورو رپورٹ) امریکہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی نے چیئرمین پاکستانی امریکن ایسوسی ایشن آف نیویارک چوہدری محمد اسلم ڈھلوں اور رانا اخلاق احمد کی قیادت میں پاکستان کے رکن قومی اسمبلی خرم منور منج کا ان کی امریکہ آمد پر پرتپاک استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا انعقاد کیا گیا جس میں رانا عابد حسین منج، چوہدری ذوالفقار ورک، رانا منور اقبال، نعیم میاں، امتیاز احمد، راؤ حارث رضوان یزدانی، پرویز بٹ، سیف الرحمن، رانا افتخار، عظیم میاں، محمد عمران، نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ کے انسپکٹر عدیل رانا، لیفٹیننٹ ضیغم عباس و دیگر احباب نے شرکت کی، عشائیہ کی تقریب کا تلاوت قرآن پاک و نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد اسلم ڈھلوں نے کہا کہ پاکستانی امریکن کمیونٹی کی بڑی تعداد اصل پاکستان، بروکلین میں رہتی ہے جن کا باہمی اتحاد و اتفاق مثالی ہے یہی وجہ ہے کہ خرم منور منج ایم این اے کو خوش آمدید کہنے کیلئے اوورسیز پاکستانیز کی بڑی تعداد تقریب میں شریک ہے۔

سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی گیس کی ری فلنگ کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال صائمہ علی کی ہدایت پر سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی گیس کی ری فلنگ کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں سول ڈیفنس آفیسر انجینئر محمد اشتیاق نے شہر کے مختلف علاقوں میں کربلا روڈ، مڈھالی روڈ، جیون سٹی پر کاروائی کرتے ہوئے 04 عدد دوکانوں سے ری فلنگ کا سامان قبضہ میں لیکر 01 عدد دوکان کو موقع پر سربمہر سیل کر دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سول ڈیفنس آفیسر محمد اشتیاق نے کہا کہ غیر قانونی ایل پی جی ری فلنگ کرنے والوں کیخلاف بلا امتیاز کاروائی جاری رہے گی۔

ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی افتخار خان کی صدر محمد خالد وسیم سے ملاقات

حسن وسیم کو چیئرمین کوآپریٹو یونین منتخب ہونے پر مبارکباد دی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی افتخار خان کی قیادت میں ڈاکٹر لیاقت علی، خواجہ عامر رشید، محمد اسلم، مزمل باجوہ نے حسن وسیم سے ملاقات کی اور انہیں پنجاب کوآپریٹو یونین لاہور کا چیئرمین منتخب ہونے پر پھولوں کے گلدستے پیش کر کے مبارک باد پیش کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نومنتخب چیئرمین حسن وسیم نے کہا کہ تمام رفقاء کے دل سے مشکور ہیں جنہوں نے اپنی محبت کا اظہار کر مبارک باد پیش کی ہے چھوٹی چھوٹی خوشیوں کے لیے جب انسان ایک دوسرے سے برتاؤ کرتا ہے تو وہ وقت دور نہیں ہوتا جب خود سے بھی اچھا برتاؤ ہونے کی توقعات ہوتی ہیں انسان جیسا سوچتا ہے خود ویسا کرے تو یقیناً ناہمواریوں کا خاتمہ ہو سکتا ہے انہوں نے کہا کہ پیار محبت اور بھائی چارے کی بڑھوتی کے لیے ہمیں ایک دوسرے کی خوشیوں میں ہمیشہ شامل رہنا چاہیے اللہ تعالیٰ کی خاص مہربانی ہے کہ پنجاب کوآپریٹو یونین کا چیئرمین منتخب ہوا ہوں میں اپنے والد محترم محمد خالد وسیم کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے کوآپریٹو اداروں کی ترقی کے لیے انتھک محنت اور جدوجہد کی ہے ہم نے پنجاب کوآپریٹو یونین کی ترقی کے لیے بہت سارا کام کرنا ہے جس کے لیے تمام ممبران اور ڈائریکٹرز کی مشاورت ہمارے لیے نتیجہ خیز ثابت ہوگی اس موقع پر نومنتخب چیئرمین حسن وسیم نے آئے ہوئے تمام رفقاء کے ساتھ مل کر کیک بھی کاٹا گیا

شکر گڑھ: لاقانونیت کا راج: عوام نے اپنی عدالتیں لگا لیں

گواہی دینے پر مخالفین نے ساتھیوں سے مار مار کر شہری کی درگت بنا دی

ڈنڈوں سوٹوں کے وار سے ہاتھ کی ہڈیاں توڑ دیں، نوجوان ہسپتال منتقل

میڈیکل رپورٹ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، پولیس

شکر گڑھ (نامہ نگار) شکر گڑھ لاقانونیت عروج پر عوام نے اپنی عدالتیں خود لگا لیں۔۔۔۔ ہمارے خلاف گواہی کیوں دی مخالفین نے ساتھیوں کے ہمراہ مار مار کر درگت بنا دی ڈنڈوں سوٹوں کے وار سے ہاتھ کی ہڈیاں توڑ دیں تشدد کا شکار نوجوان ہسپتال منتقل تھانہ شاہ غریب کی حدود کے سٹاپ قاسم پورہ میں افسوس ناک واقعہ پیش آیا معظم نامی نوجوان والد کے ہمراہ جا رہا تھا کہ مخالفین نے گھیر لیا اور بری طرح تشدد کا نشانہ بنا ڈالا یاسر نے ساتھیوں کے ہمراہ ڈنڈوں سوٹوں سے حملہ کر دیا معظم کے ہاتھ کی ہڈیاں توڑ دیں زخمی نوجوان کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا متاثرہ لڑکے کے بھائی کے مطابق ملزمان کو رنج تھا کہ معظم نے ان کے خلاف گواہی کیوں دی پولیس نے میڈیکل لیگل حاصل کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے میڈیکل رپورٹ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کھرڑیانوالہ چلڈ لیبر محکمہ بے خبر ہزاروں بچوں سے زبردستی مشقت لی جانے لگی

کھرڑیانوالہ (نمائندہ قوت نیوز) کھرڑیانوالہ سٹی و گرد و نواح میں محکمہ چلڈ لیبر بے خبر محکمہ کی مبینہ غفلت سے ہزاروں بچوں سے زبردستی مشقت لی جانے لگی ہے۔ رستوران، ہوٹلوں، ورکشاپس، ہیر سیلون، کریانہ مرچنٹ، کلاتھ شاپس، جہام شاپس پر چلڈ لیبر قانون کی دھجیاں اڑا دی گئی۔ بچوں سے مشقت کروانے کا سلسلہ نان سٹاپ جاری ہے۔ بچے کسی مسیحا کے منتظر ہیں۔ قانون موجود ہونے کے باوجود صبح سے رات گئے تک بچے مشقت کی چکی میں پسنے لگے۔ چائے والا ہوٹل، ریستوران، پکوڑوں سموسوں کی شاپس، سویٹس اینڈ بیکرز، کریانہ شاپس، دفتر، فوڈ پوائنٹس، سویٹ شاپ تمام مقامات پر بچے مشقت کرتے نظر آنے لگے۔ کم اجرت، زبردستی مشقت کروانے والے مالکان کے خلاف قانونی کاروائی صفر ہے۔ غریب گھرانوں کے بچے اپنے مستقبل سے بے خبر کسی مسیحا کے منتظر ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب کو فوری نوٹس لیتے ہوئے اس بڑے مسئلے کے فوری حل کے لیے ٹیم تشکیل دیں۔ تاکہ جن گھروں کے چولہے نہیں چل رہے۔

ضلع بھر میں آج بڑی گیارہویں شریف کے سلسلہ میں مختلف تقاریب منعقد ہوں گی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ضلع بھر میں آج بڑی گیارہویں شریف کے سلسلہ میں مختلف تقاریب منعقد ہوں گی۔ جن میں سرکار غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی خدمات پر روشنی ڈالی جائے گی۔ ان تقاریب میں مٹھائی اور لنگر بھی تقسیم کیا جائے گا۔

دنیا بھر کی طرح حافظ آباد میں بھی دیہی خواتین کا عالمی دن منایا گیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) آج دنیا بھر میں دیہی خواتین کا عالمی دن منایا جا رہا ہے لیکن پاکستان میں اس دن کو قومی دن کے طور پر نہ منائے جانے سے دیہی خواتین کے مسائل حل نہ ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار یہاں میڈم ساجدہ فرید ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیٹر پی او ڈی اے نے میڈم راحت ایوبی بٹ اور مس نگہت خان کے ہمراہ ایک پریس بریفنگ کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے دیہی عورت اتحاد کے پلیٹ فارم سے اپنے مطالبات میڈیا کے ذریعے حکومت، عدلیہ، سیاسی راہنماؤں اور مالی اداروں کو پیش کیے اور انکی توجہ اپنی حقوق اور ترقی کے معاملات کی طرف دلائی تاکہ ملک کی پچاس فیصد آبادی بھی ترقی کر سکے۔ اس موقع پر انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دوسری ممالک کی طرح پاکستان میں بھی اس دن کو دیہی خواتین کے قومی دن کے طور پر ہر سال سرکاری سطح پر منانے کا اعلان کیا جائے۔

بیٹوں نے جائیداد کے لالچ میں بزرگ باپ کو گھر سے نکال دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ 5 فوراہل کے رہائشی بیٹوں نے جائیداد کے لالچ میں بزرگ باپ کو گھر سے نکال دیا، باپ کا ملکیتی مکان اپنے نام کروانے کے لیے بیٹے باپ کا رتبہ بھول گئے اور باپ پر برے طریقے تشدد کیا، بزرگ محمد یسین بھیک مانگنے پر مجبور، چھوٹے بیٹے کے ساتھ سڑک پر زندگی گزار رہا ہے، بزرگ شہری تھانے پہنچ گیا، اور روتے ہوئے فریاد کرنے لگا بیٹوں کے ظلم سے بچایا جائے، میری داد رسی کی جائے، متاثرہ بزرگ کا کہنا ہے کہ دونوں بڑے بیٹے مکان نام کروانا چاہتے ہیں، تشدد کا نشانہ بناتے ہیں، میری جان کو خطرہ ہے میرے بیٹے ہی مکان کے لالچ میں میرے دشمن بن گئے ہیں۔ پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے مقدمہ درج کر لیا۔ انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی۔

سیاست دانوں کے وعدے پورے نہ ہوئے۔ کوٹلی لوہاراں کے لوگ اپنی مدد آپ کے تحت گلی بنانے پر مجبور۔ حافظ عمران۔



سکوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ نمائندہ قوت) تفصیلات کے مطابق نمائندہ خصوصی روز نامہ قوت سے بات چیت کرتے ہوئے حافظ محمد عمران نے کہا کہ سیاست دانوں کے وعدے وفا نہ ہونے پر علاقہ مکین اپنی مدد آپ کے گلی بنوا رہے ہیں۔ انہوں نے خصوصی طور پر تعاون کرنے پر جناب محمد کاشف اور جناب عبدالرحمن کا تہہ دل سے شکریہ بھی ادا کیا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب تاریخی اقدامات کر رہی ہیں: چوہدری طارق سبحانی

صفائی اور سینی ٹیشن کی سروسز کے علاوہ کوڑا کو لفٹ کر کے حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ڈمپ کیا جائے گا جس سے دیہات صاف ستھرے ہونگے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) چیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی چوہدری طارق سبحانی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ کی دیہی و شہری علاقوں میں یکساں صفائی کے نظام کو حقیقت کا روپ دے دیا ہے اور پورے صفائی کے نظام کو آؤٹ سورس کر دیا گیا ہے، اب دیہات سے ڈور ٹو ڈور کوڑے کی کلیکشن کا آغاز آئندہ دو ہفتوں میں شروع کر دیا جائے گا اور صفائی اور سینی ٹیشن کی سروسز کے علاوہ کوڑا کو لفٹ کر کے حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ڈمپ کیا جائے گا جس سے دیہات صاف ستھرے ہونگے اور گندگی سے پھیلنے والی بیماریوں کا بھی تدارک ہوگا۔ یہ بات انہوں نے آج یوسی سیداں والی کے موضع بال میں ستھرا پنجاب کے تحت بلک ویسٹ کی لفٹنگ اور ڈمپنگ کے عمل اور گاؤں کی نالیوں اور گلیوں کی صفائی کا جائزہ لینے کے بعد اہلیان دیہہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ عمر امجد بیگ، سی او ضلع کونسل فدا افتخار میر، اے ڈی ایل جی محمد جمیل گل کے علاوہ یوسی سیکرٹری، یوسی کیٹیئر کے اراکین اور معززین علاقہ بھی کثیر تعداد میں موجود تھے۔ چوہدری طارق سبحانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے اربوں روپے کی لاگت سے دیہات میں صفائی کا پروگرام شروع کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ عام آدمی کا معیار زندگی بلند کرنا چاہتی ہیں اور ان کی سیاست کا محور غریب عوام کے مسائل کا ازالہ ہے۔ جس کا منہ بولتا ثبوت اپنی چھت اپنا گھر، ہمت کارڈ اور ستھرا پنجاب پروگرام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ہر یونین کونسل میں سینٹری ورکرز، لوڈر رکشہ جات اور ہیوی مشینری دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ کے 1485 دیہات میں صفائی کا مربوط نظام ہوگا اور ہر گاؤں میں عارضی ویسٹ کلیکشن پوائنٹ بھی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کی کڑی نگرانی کی جائے گی اور صفائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کا طرہ امتیاز خدمت کہ سیاست اور عوام کیلئے آسانیاں پیدا کرنی ہیں۔

محکمہ جیل خانہ جات پنجاب: 19 افسران کے تبادلے اور تقرری کا نوٹیفکیشن جاری

بابر علی سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل ڈیرہ غازی خان تعینات۔ محمد زبیر چیمہ سپرنٹنڈنٹ بورسٹل جیل بہاولپور تعینات

غلام مصطفیٰ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈیولپمنٹ) ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد تعینات۔ محمد عرفان ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈیولپمنٹ) سنٹرل جیل گوجرانوالہ تعینات

GOVERNMENT OF THE PUNJAB
HOME DEPARTMENT
Dated: Lahore the 19 October, 2024

NOTIFICATION

NO.SO (PRS) 11-1/2023. Following transfers / postings are hereby ordered with immediate effect and till further orders:

Sr. No.	Name of the Officer	From	To
1.	Mr. Babar Ali, Superintendent, (BS-18)	Superintendent, B.I&J. Jail, Bahawalpur.	Superintendent, Central Jail, DG Khan under section 9 of the PCS Act, 1974 vice Muhammad Zubair Cheema.
2.	Mr. Muhammad Zubair Cheema, Superintendent, (BS-18)	Superintendent, Central Jail, DG Khan	Superintendent, B.I&J. Jail, Bahawalpur vice Mr. Babar Ali.
3.	Mr. Ghulam Mustafa Deputy Superintendent (BS-17)	Inspectorate of Prisons, Punjab, Lahore.	Deputy Superintendent (Development), District Jail, Bahawal against a vacant post.
4.	Ms. Rizwan Mahad, Deputy Superintendent (BS-17)	Lady Deputy Superintendent, Central Jail, Gujranwala.	Research Officer (BS-17), Punjab Staff Training College, Sahiwal against a vacant post.
5.	Ms. Samra Jabeen, Lady Deputy Superintendent (BS-16)	Deputy Superintendent, Regional Office, Bahawalpur.	Lady Deputy Superintendent, Central Jail, Lahore under section 9 of the PCS Act, 1974 against a vacant post.
6.	Mr. Muhammad Irfan, Deputy Superintendent (BS-16)	Deputy Superintendent (Development), Central Jail, Bahawalpur.	Deputy Superintendent (Development), Central Jail, Gujranwala under section 9 of the PCS Act, 1974 against a vacant post.
7.	Mr. Asif Abbas, Deputy Superintendent (BS-16)	Deputy Superintendent (Judicial), District Jail, Rajanpur.	Deputy Superintendent (Development), District Jail, Gujrat under section 9 of the PCS Act, 1974 against a vacant post.
8.	Mr. Zakir Saeed, Deputy Superintendent (BS-17)	Deputy Superintendent (Development), District Jail, Hafizabad.	Deputy Superintendent (Family Hostel), Central Jail, Lahore against a vacant post.
9.	Mr. Shoukat Ali, Deputy Superintendent (BS-17)	Deputy Superintendent (Judicial), District Jail, Khanewal.	Deputy Superintendent (Development), District Jail, Multan. Tor Khan against a vacant post.
10.	Mr. Sadaqat Ali, Deputy Superintendent (BS-17)	Deputy Superintendent, Inspectorate of Prisons, Punjab, Lahore.	Deputy Superintendent (Judicial), District Jail, Khanewal vice Mr. Shoukat Ali.
11.	Mr. Muhammad Iqbal, Deputy Superintendent (BS-16)	Deputy Superintendent (Development), District Jail, Pakpattan.	Deputy Superintendent (Executive), District Jail, Bahawalpur under section 9 of the PCS Act, 1974 against a vacant post.
12.	Mr. Syed Hussain Raza, Deputy Superintendent (BS-17)	Deputy Superintendent (Judicial), District Jail, Layyah.	Deputy Superintendent (Education), Regional Office Multan against a vacant post.
13.	Mr. Shahzad Hussain Bukhari, Assistant Superintendent (BS-16)	Assistant Superintendent, Inspectorate of Prisons, Punjab, Lahore.	Deputy Superintendent (Judicial), District Jail, Sialkot under Section 9 of the PCS Act, 1974 against a vacant post.

SECRETARY
GOVERNMENT OF THE PUNJAB
HOME DEPARTMENT

NO. & DATE EVEN.

A copy is forwarded for information and necessary action to:

1. The Accountant General, Punjab, Lahore.
2. The Inspector General of Prisons, Punjab, Lahore.
3. The Deputy Inspectors General of Prisons, concerned.
4. The District Accounts Officer, concerned.
5. The Superintendents Jails, concerned.
6. PSO to Home Secretary, Punjab.
7. PS to Special Secretary (Home).
8. PS to Additional Secretary (Prisons), Home Department.
9. PA to Deputy Secretary (Prisons), Home Department.
10. Officers concerned.
11. Office orders file.

(WASIM ABBAS)
SECTION OFFICER (PRISONS)

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) محکمہ جیل خانہ جات پنجاب کے 19 افسران کے تبادلے/تقرری کا نوٹیفکیشن جاری۔ بابر علی سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل ڈیرہ غازی خان تعینات۔ محمد زبیر چیمہ سپرنٹنڈنٹ بورسٹل جیل بہاولپور تعینات۔ غلام مصطفیٰ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈیولپمنٹ) ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد تعینات۔ محمد عرفان ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈیولپمنٹ) سنٹرل جیل گوجرانوالہ تعینات۔ عامر عباس ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈیولپمنٹ) ڈسٹرکٹ جیل گجرات تعینات۔ زاہد سعید ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (فیملی رومز) سنٹرل جیل لاہور تعینات۔ شوکت علی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈیولپمنٹ) ڈسٹرکٹ جیل رحیم یار خان تعینات۔ صداقت علی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (جوڈیشل) ڈسٹرکٹ جیل خانیوال تعینات۔ محمد اقبال ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ایگزیکٹو) ڈسٹرکٹ جیل بہاولنگر تعینات۔ ساجد حسین رضا ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ایجوکیشن) ریجنل آفس ملتان تعینات۔ شہزاد حسین بخاری ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (جوڈیشل) ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ تعینات۔ نوید احمد ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈیولپمنٹ) ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ تعینات۔ شہزاد اسلم ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (ڈیولپمنٹ) ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاوالدین تعینات۔ سمرا جبین لیڈی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل لاہور تعینات۔ کشور ناہید ریسرچ آفیسر پنجاب پریزنز سٹاف ٹریننگ کالج ساہیوال تعینات۔ وجیہہ کومل سائیکالوجسٹ اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ تعینات۔ ثمروز ظہیر سائیکالوجسٹ ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ تعینات۔ فاطمہ صدیقی سائیکالوجسٹ ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ تعینات۔ وجیہہ عارف خان سائیکالوجسٹ ڈسٹرکٹ جیل حافظ آباد تعینات

ٹرین کی بوگی کی کمانی ٹوٹ گئی

اسلام آباد ایکسپریس 108 ڈاؤن کم و بیش ڈیڑھ گھنٹہ سٹیشن پر ہی رکی رہی

وزیرآباد (نامہ نگار) ٹرین کی بوگی کی کمانی ٹوٹ گئی اسلام آباد ایکسپریس 108 ڈاؤن کم و بیش ڈیڑھ گھنٹہ وزیرآباد ریلوے اسٹیشن پر رکی رہی، ڈپو کی تبدیلی کے بعد ٹرین کو لاہور روانہ کر دیا گیا۔ وزیرآباد ریلوے اسٹیشن پر راولپنڈی ریلوے اسٹیشن سے لاہور جانے والی مسافر ٹرین 108 ڈاؤن اسلام آباد ایکسپریس کم و بیش ڈیڑھ گھنٹہ رکی رہی مسافروں نے میڈیا کو بتایا کہ روانگی کے وقت ہی ٹرین کی بوگی نمبر 2 ان بیلنس تھی اور ٹرین کو 110 کی اسپیڈ سے چلایا گیا انہوں نے الزام لگایا کہ لالہ موسیٰ ریلوے اسٹیشن پر مسافروں نے ٹرین کی بوگی تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا لیکن ریلوے حکام نے کوئی نوٹس نہیں لیا جبکہ دریائے چناب کے پل سے گزرنے کے بعد مسافروں نے فیصلہ کیا کہ وزیرآباد ریلوے اسٹیشن پر ٹرین کی بوگی کو تبدیل کروانے پر اصرار کیا جائے گا وزیرآباد ریلوے اسٹیشن پہنچنے پر مسافروں نے ٹرین کو زبردستی روک کر بوگی تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا اور اسٹیشن ماسٹر سے بحث و تکرار کی مسافروں نے الزام لگایا کہ ٹرین ڈرائیور بھی بوگی تبدیل کروانے پر بضد تھا لیکن اسٹیشن ماسٹر بغیر تبدیل کیے بوگی روانگی پر مضر تھا تاہم مسافروں کے پرزور اصرار پر ٹرین کو روک کر بوگی تبدیل کی گئی۔

سیاست میں عوامی خدمت کو عبادت سمجھتا ہوں، وقار احمد چیمہ

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و ممبر صوبائی اسمبلی وقار احمد چیمہ کا سیالکوٹ روڈ اور اللہ والا چوک جی ٹی روڈ کی جاری تعمیر کا معائنہ کیا، اس موقع پر ایکس ای این ہائی وے کاشف رانجھا، حسام وقار چیمہ و دیگر بھی ہمراہ تھے۔ وقار احمد چیمہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیالکوٹ روڈ اور جی ٹی روڈ اللہ والا چوک کی تعمیر عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کا حصہ ہیں، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے شریف خاندان کی دلچسپی اور توجہ کے بغیر ممکن نہیں ہوتے، سیاست میں عوامی خدمت کو عبادت سمجھتا ہوں، حلقہ کے لوگوں کی محرومیاں دور کرنے کیلئے سیاست کو اپنایا ہے اور عوامی معیار پر پورا اترنے کی کوشش کروں گا، مسلم لیگ (ن) ایک ترقی پسند جمہوری قوت ہے، پاکستان کی بہتری کے لئے جتنا کام مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں ہوا کسی دور میں نہیں ہوا۔

صاحبزادہ عمر افضل فقیر کے عرس اور بڑی گیارھویں کے موقع پر تقریب

الحمدللہ ہر سال بڑی گیارھویں کے موقع پر چک دھیدو میں بڑا اہتمام کیا جاتا ہے، حافظ طاہر محمود

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) آستانہ عالیہ چک دھیدو میں معروف روحانی بزرگ پروفیسر حافظ صوفی محمد افضل فقیر رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر صاحبزادہ عمر افضل فقیر کے عرس اور بڑی گیارھویں کے موقع پر تقریب منعقد ہوئی جس میں حافظ طاہر محمود نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا فیض آج صدیوں بعد بھی جاری ہے آپ نے ہمیں خدا کی وحدانیت اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عشق اور محبت سکھائی آپ نے قرآن اور حدیث کی روشنی میں اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام ہم تک پہنچایا انبیاء کے بعد اولیاء کرام نے اللہ کا پیغام ہم تک پہنچایا الحمدللہ ہر سال بڑی گیارھویں کے موقع پر چک دھیدو میں بڑا اہتمام کیا جاتا ہے جس کا مقصد حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی تعلیمات اور خدمات کو اجاگر کرنا ہے ان شاء اللہ یہ سلسلہ جاری رہے گا معروف نعت خواں مشتاق احمد فقیر اور مشتاق احمد شاہی نے صوفی محمد افضل فقیر رحمۃ اللہ علیہ کا لکھا ہوا کلام اور درود و سلام پڑھا جس سے حاضرین جھوم اٹھے۔

کھرڑیانوالہ گرد و نواح میں پیشہ وار گدھا گاروں کی یلغار

محکمہ اینٹی بیگر ز خواب خرگوش کے مزے لینے لگے دکانداروں، شہریوں نے کمشنر فیصل آباد سے فوری نوٹس کی اپیل کر دی

کھرڑیانوالہ (نمائندہ قوت نیوز) تفصیلات کے مطابق کھرڑیانوالہ گرد و نواح کے تمام ایریا میں پیشہ گدھا گاروں کی یلغار ہے۔ کھرڑیانوالہ سٹی شیریں والا اٹھیاں والا ڈرامہ والا موڑ اڈا جوہل بیدیاں والا بلوچنی میں سینکڑوں کی تعداد میں پیشہ وار گدا گر دکانداروں کے لیے عذاب بن گئے ہیں۔ دکانداروں اور شہریوں کے ناک میں دم کر رکھا ہے۔ ان گداگروں کی کوئی شناخت نہیں ہے۔ بیشتر گداگروں کے پاس کوئی شناختی کارڈ نہیں ہے۔ اور نہ ہی وہ اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ بیشتر کی تعداد خواتین ہیں۔ جو علاقہ زبان بھی نہیں سمجھتی اور شبہ کیا جا رہا ہے کہ یہ پیشہ ور گدھا گر خواتین ایریا میں ہونے والی کرائمینل ایکٹیویٹی میں شامل ہیں۔ لیاقت علی، مولوی رزاق، سجاد وسیم، عمران علی، بشارت بھٹی، حاجی جبار، رانا راشد، صفی اللہ، انوار ثا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مجوزہ آئینی ترامیم مسودوں پر غور کیلئے ذیلی کمیٹی تشکیل

تحریر: سیف العوان

مجوزہ آئینی ترامیم پر مشاورت کے لیے قائم پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی نے ترامیم سے متعلق سفارشات کی تیاری کے لیے دو نیا قوانین اعظم نذیر تارڑ کی سربراہی میں ذیلی کمیٹی تشکیل دیدی ہے۔ ذیلی کمیٹی میں پی ٹی آئی کے 2 ارکان کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ کمیٹی 2 روز میں سفارشات مرتب کر کے خصوصی کمیٹی کو دے گی۔ مجوزہ آئینی ترامیم پر اتفاق رائے کے لیے پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی کا دوسرا دن ہے۔ کمیرا اجلاس خورشید شاہ کی زیر صدارت اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کمیٹی سیکرٹری عرفان صدیقی نے کہا کہ ساری جماعتوں کے مسودوں میں کوئی اصولی اختلاف نہیں۔ پی ٹی آئی کے اختلافات زیادہ ہیں، ان کے تحفظات بھی ہیں، پی ٹی آئی کے تمام تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کی گئی ہے۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ آئینی ترامیم کی نوعیت سیاسی نہیں، یہ پارلیمان کی بالادستی کے لیے کی جا رہی ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ نمبرز پورے ہوں تو ترامیم ہوں، نہ ہوئے تو نہیں ہوں گی۔

مجوزہ 4 آئینی ترامیم میں 54 تجاویز شامل ہیں جن کے ذریعے آئین کی شق 63، 51، 175، 187 اور دیگر میں ترامیم کی جائیں گی۔ ان میں بلوچستان اسمبلی کی سیٹیں 65 سے بڑھا کر 81 کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چوتھے اور دوسرے مسودوں کی بابتگو نڑس میں بھجوا جائیگا۔ چیف جسٹس پاکستان کا تقرر سپریم کورٹ کے 3 سینئر ججز کے پینل سے ہوگا، حکومت سپریم کورٹ کے 5 سینئر ججز میں سے چیف جسٹس لگائے گی۔ مجوزہ ترامیم میں کہا گیا کہ وفاقی آئینی عدالت کے قیام کی تجویز کا تقرر صدر چیف جسٹس کی مشاورت سے کریں گے، چیف جسٹس اور ججز کے نام پارلیمانی کمیٹی کے ذریعے وزیراعظم کو دیے جائیں گے۔ مجوزہ ترمیم کے مطابق جج کی عمر 40 سال، تین سال عدالت اور 10 سالہ وکالت کا تجربہ لازمی ہوگا۔ جج کی برطرفی کے لیے وفاقی آئینی عدالت کا فیصلہ کسی عدالت میں چیلنج نہیں ہوسکے گا۔ چاروں صوبائی آئینی عدالتوں کے فیصلوں پر اپیل وفاقی عدالت میں ہوسکے گی۔ وفاقی آئینی عدالت چیف جسٹس سمیت 7 ارکان پر مشتمل ہوگی۔

دوسری جانب، سپریم کورٹ نے مجوزہ 4 آئینی ترامیم کے خلاف درخواست پر سماعت کے لیے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی 3 رکنی بنچ تشکیل دیدیا ہے۔ 17 اکتوبر کو درخواست کی سماعت کرنے والے بنچ میں جسٹس نعیم افغان اور جسٹس شاہد بلال شامل ہیں۔ وکیل عابد زبیری نے مجوزہ آئینی ترامیم کے خلاف سپریم کورٹ میں آئینی درخواست دائر کی تھی۔ ادھر، مجوزہ آئینی ترامیم کے خلاف سندھ ہائیکورٹ میں بھی درخواست دائر کی گئی ہے جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ آئینی ترمیم کے معاملے پر پوری قوم کو اندھیرے میں رکھا گیا ہے۔ ترمیم کا مسودہ جو منظر میڈیا پر موجود ہے اس میں بیرسٹر شیف عدلیہ کی آزادی کے خلاف ہیں۔ وفاقی کابینہ کو مجوزہ آئینی ترمیم کا مسودہ منظور کرنے سے روکا جائے۔ آئینی ترمیم کا مسودہ پبلک کر کے اس پر بحث کے لیے 60 دن کا وقت دیا جائے۔ درخواست میں سیکرٹری کیبنٹ ڈویژن، سیکرٹری لا اینڈ جسٹس اور سیکرٹری پارلیمنٹ ہاؤس کو فریق بنایا گیا ہے۔

آئینی ترامیم پیکیج گزشتہ تقریباً ایک مہینے سے قومی سطح پر بحث کا موضوع بنا ہوا ہے۔ اس سلسلے میں سیاسی جوڑ توڑ کے لیے بھی مسلسل کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ہر سیاسی جماعت اپنے مفادات کو سامنے رکھ کر مذاکرات کر رہی ہے لیکن اس کے باوجود ابھی تک مفاہمت نہیں پائے۔ اس معاملے کو الجھانے میں سب سے زیادہ کردار حکومت نے ادا کیا ہے جس کے تحت یہ کوشش کی گئی کہ پیکیج جلد مکمل ہو سکے تو ترامیم کے اس پیکیج کو پارلیمان سے منظور کرا لیا جائے۔ 54 تجاویز کا مطلب یہ ہے کہ آئینی ترامیم کا یہ پیکیج بڑے پیمانے پر تبدیلیاں لائے گا، لہٰذا ایسے معاملات کو جلد بازی میں آگے نہیں بڑھانا چاہیے بلکہ اس سلسلے میں تمام سیکٹر، سٹاکہولڈرز سے جامع مشاورت کی جانی چاہیے۔ یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ پارلیمان کی خصوصی کمیٹی نے مسودوں پر غور کے لیے جو ذیلی کمیٹی تشکیل دی ہے اس میں پی ٹی آئی کے دو ارکان بھی شامل ہیں۔

یہ بات پہلے بھی کہی جا چکی ہے کہ آئین صرف قانونی نہیں بلکہ ایک عوامی دستاویز ہے جس نے قانون سازی کے ساتھ ساتھ کلی انتظام کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرنا ہوتی ہے۔ اس لیے اس میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کرتے ہوئے عوامی نمائندگی کے لیے پارلیمان میں موجود تمام جماعتوں کی رائے کے اظہار کا پورا موقع ملنا چاہیے۔ ترامیم پیکیج کے مسودے کو خفیہ رکھنے کی وجہ سے جو مسائل اور الجھنیں پیدا ہوئی ہیں ان کا کل اسی صورت میں نکل سکتا ہے کہ اس مسودے کو منظر عام پر لا کر سب سے رائے لی جائے اور پھر باہمی مشاورت کے نتیجے میں اتفاق رائے سے جو ترامیم طے کر لی جائیں انھیں آئین کا حصہ بنا لیا جائے۔ مزید یہ کہ اس معاملے کو خدا را انا مسئلہ نہ بنایا جائے۔

مریم نواز کا خواب.....خوشحال ترقی یافتہ پنجاب

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی صورت میں آج پنجاب کو ایسی طاقتور فعال قیادت میسر آ چکی ہے جو حقیقی معنوں میں اس سرشار ہے۔ عام انتخابات کے جذبے سے سرشار ہے۔ عام انتخابات میں پنجاب کے عوام نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ وہ خدمت معنوں میں ایک ایسی لیڈر کی سامنے آئی ہیں جن پر عوام مطمئن اور ان سے اعتماد اور اعتبار کرتے ہیں۔ ماضی میں ملک کے اس بڑے صوبے کے ساتھ جو زیادتیاں ہوتی رہیں مریم نواز کے برسر اقتدار آنے کے بعد اب امید پیدا ہو چکی ہے کہ آنے والے دنوں میں پنجاب میں ترقی اور خوشحالی کے اس دور کا آغاز ہوگا جس کی مثالیں کسی اور صوبے میں دیکھنے کو نہیں ملیں گی۔

مریم نواز کی اون عوامی خدمات کا اعتراف پاکستان کے ساتھ ساتھ دنیا کے دیگر ممالک کے سیاستدان بھی کر رہے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ پنجاب میں جس رفتار سے ترقی ہو رہی ہے وہ دوسری دنیا کے ممالک کیلئے ایک روشن مثال ہے کہ جب ایک لیڈر عوامی خدمت کے جذبے سے اپنے ذاتی مفادات کو فراموش کر کے، مشکلات کی تاکہ عوام اس موذی مرض کے حوالے سے آگاہ رہ سکیں اور کسی بھی قسم کی موذی بیماری کا شکار نہ ہوں۔ اس کے علاوہ ایک اہم اعلان میں وزیر اعلیٰ کا اعلان کیا گیا کہ ان کے اسکالرز کی روشنی میں دھواں چھوڑنے والی فیکٹریوں کی بذریعہ کیمرا مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، تصور میں چالیوں کی ملوں پر دھویں کو کنٹرول کرنے والے آلات نصب کیے جا چکے ہیں، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی

